**08.08.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم
**Music**

..................................................................

☆ پیرس اولمپکس میں ہاکی ٹیم نے بھارت کیلئے کانسے کا چوتھا تمغہ جیتا ہے۔ بھارتی پہلوان امن سہراوت 57 کلو گرام کے فری اسٹائل زمرے کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ نیرج چوپڑا آج رات نیزہ پھینکنے کے فائنل میں پھر سے ٹائٹل جیتنے کیلئے میدان میں اتریں گے۔

☆ نوبیل انعام یافتہ محمد یونس نے بنگلہ دیش کی عبوری سرکار کے سربراہ کی حیثیت سے حلف لیا ہے۔

☆ پارلیمنٹ نے مالی بل منظور کرلیا ہے۔

☆ 2024 کا وقف ترمیمی بل لوک سبھا میں پیش کئے جانے کے بعد مزید جانچ پڑتال کیلئے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیج دیا گیا ہے۔

☆ اور برطانیہ میں انتہائی دائیں بازو کے مظاہروں کے جواب میں نسل پرستی مخالف ہزاروں مظاہرین سڑکوں پر نکل آئے۔

..................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *Paris Olympics*

پیرس اولمپکس میں آج بھارتی ہاکی ٹیم نے اسپین کو ایک کے مقابلے دو گول سے ہرا کر کانسے کا تمغہ جیتا۔ اِس طرح بھارتی ٹیم نے ٹوکیو اولمپکس کی تاریخ کو دوہرایا ہے۔ بھارتی ہاکی ٹیم نے ٹوکیو اولمپک کھیلوں میں بھی کانسے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔ 1972 کے بعد سے یہ پہلا موقع ہے کہ جب بھارت نے لگاتار تمغے جیتے ہیں۔ اِن اولمپک کھیلوں میں بھارت اب تک کانسے کے چار تمغے جیت چکا ہے۔

اِدھر کُشتی میں بھارتی پہلوان امن سہراوت 57 کلوگرام زمرے کے فری اسٹائل مقابلے کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے البانیہ کے Zelimkhan Abakarov کو بارہ- صفر سے ہرایا۔ اِس سے پہلے سہراوت نے پچھلے راؤنڈ میں مقدونیہ کے اپنے حریف کو شکست دی تھی۔

اِس کامیابی سے کُشتی میں خاص طور پر ونیش پھوگاٹ کے کل کے افسوسناک واقعے کے بعد کُشتی میں بھارت

کیلئے تمغہ ملنے کی امید پھر سے پیدا ہوگئی ہے۔

اِدھر اولمپک چمپئن نیرج چوپڑا، نیزہ پھینکنے کے فائنل میں اپنے ٹائٹل کا دفاع کرنے کیلئے آج میدان میں اتریں گے۔ اُن کا یہ مقابلہ بھارتی وقت کے مطابق آج رات گیارہ بج کر 55 منٹ پر ہوگا۔ x

## Prez Hockey Bronze Medal

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پیرس اولمپکس 2024 میں بھارتیہ ہاکی ٹیم کو کانسے کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ ٹیم نے بھارت کو فخر محسوس کرنے کا موقع فراہم کیا ہے اور بھارتیہ ہاکی کو جلا بخشی ہے۔ ٹیم نے جس مستقل مزاجی، مہارت، تال میل اور مقابلے کے جذبے کا مظاہرہ کیا ہے، وہ ملک کے نوجوانوں کیلئے ایک مثال ہے۔ x

## PM Hockey

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی بھارتیہ ہاکی ٹیم کو پیرس اولمپکس 2024 میں کانسے کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ بھارتیہ ہاکی ٹیم کی کامیابی، مہارت، مستقل مزاجی اور ٹیم کے جذبے کی جیت ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ تمغہ اس لحاظ سے بھی خصوصی اہمیت کا حامل ہے کہ اولمپکس میں بھارتیہ ہاکی ٹیم نے لگاتار دوسری مرتبہ تمغہ حاصل کیا ہے۔ x

## Bangladesh Oath

نوبیل انعام یافتہ محمد یونس کو بنگلہ دیش کی عبوری سرکار کے سربراہ کی حیثیت سے حلف دلایا گیا ہے۔ بنگلہ دیش کے صدر محمد شہاب الدین نے آج شام ڈھاکہ میں Bang بھون میں اُنہیں حلف دلایا۔ اِس موقع پر مختلف ملکوں کے سفارتکار بھی موجود تھے۔

محمد یونس 28 جون 1940 کو پیدا ہوئے تھے۔ وہ ایک بنگلہ دیشی کاروباری، بینکر اور اقتصادی ماہر ہیں۔ انہیں گرامین بینک قائم کرنے اور مائیکرو کریڈٹ اور مائیکرو فائنانس کے نظریے کو فروغ دینے کے صلے میں 2006 میں نوبیل امن انعام سے سرفراز کیا گیا تھا۔x

## MEA Bangladesh Briefing

ڈھاکہ میں مزید چار اسسٹنٹ ہائی کمیشنز سمیت بھارتی ہائی کمیشن وہاں رہنے والے اُن بھارتی شہریوں کے ساتھ رابطہ قائم کئے ہوئے ہیں جو واپس آنا چاہتے ہیں۔ آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ سردست 9 ہزار طلبا سمیت تقریباً 19 ہزار بھارتی شہری بنگلہ دیش میں ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ سرکار اِن افراد کی سلامتی کو یقینی بنانے کی خاطر ہائی کمیشن کے ساتھ لگاتار رابطہ قائم کئے ہوئے ہے۔

ترجمان نے یہ بات دوہرائی کہ بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کے بھارت آنے کی منظوری مختصر مدت کے نوٹس پر دی گئی۔ جناب جیسوال نے زور دے کر کہا کہ سرکار بنگلہ دیش میں اقلیتوں کی صورتحال سمیت وہاں کے حالات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ اِس طرح کی اطلاعات سامنے آئی ہیں کہ مختلف گروپوں اور تنظیموں نے اقلیتوں کے تحفظ اور غیروعافیت کو یقینی بنانے کیلئے کئی اقدامات کئے ہیں۔x

## EAM UK Secy

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج برطانیہ کے وزیر خارجہ David Lammy کے ساتھ فون پر بنگلہ دیش اور مغربی ایشیا کی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے بتایا کہ انھیں برطانیہ کے وزیر خارجہ کی طرف سے ایک کال موصول ہوئی اور بنگلہ دیش اور مغربی ایشیا کے حالات پر گفتگو کی گئی۔ x

## Jaishankar Maldives Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کل سے مالدیپ کے تین دن کے سرکاری دورے پر رہیں گے۔ اِس دورے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان قریبی ساجھیداری کو مستحکم بنانا اور باہمی تعلقات کو مزید وسعت دینے کے نئے مواقع تلاش کرنا ہے۔اِس سے قبل مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد Muizzu اِس سال جون میں نئی کابینہ اور وزارتی کونسل کی حلف برداری کی تقریب میں بھارت کے دورے پر آئے تھے۔ x

## RS Foregin Students

حکومت نے بھارتیہ طلبا کو تحفظ و سیکورٹی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے اپنے عہد کا اعادہ کیا ہے۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ بیرون ممالک میں بھارتیہ طلبا کو تحفظ و سیکیورٹی فراہم کرنا، حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انھوں نے کہا کہ بیرون ممالک میں قائم بھارتیہ مشن، اعلیٰ تعلیم کیلئے غیر ممالک کا سفر کرنے والے طلبا، مشنوں اور مدد پورٹل پر اندراج کروانے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں تاکہ ان کی شکایتوں اور انھیں درپیش دیگر معاملات کا مقررہ مدت کی حد میں ازالہ کیا جاسکے۔ x

## RS Indian Prisoners

حکومت نے کہا ہے کہ بیرون ممالک میں رہائش پذیر بھارتیوں خصوصاً غیر ملکی جیلوں میں بند بھارتیوں کی حفاظت، تحفظ اور بہتری کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔ خارجی امور کے وزیرمملکت کِرتی وردھن سنگھ نے راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں بتایا کہ اِس وقت غیر ملکی جیلوں میں زیر سماعت قیدیوں سمیت 9 ہزار 728 بھارتی قید ہیں۔

اِن میں سب سے زیادہ 2 ہزار 594 کی تعداد سعودی عرب میں اور 2 ہزار 308 بھارتی متحدہ عرب امارات کی جیلوں میں بند ہیں۔جناب سنگھ نے مزید بتایا کہ ایک ہزار 282 بھارتی نیپال کی جیلوں میں ہیں۔ x

## Rev New Finance Bill

پارلیمنٹ نے مالی بل 2024، اخراجات کا بل اور جموں وکشمیر سے متعلق اخراجات کا بل 2024 منظور کر لیا ہے۔ راجیہ سبھا نے بحث کے بعد مذکورہ بل، لوک سبھا کو واپس بھیج دیئے۔ لوک سبھا اِن بلوں کو پہلے ہی پاس کرچکی ہے۔

مالی بل کی رو سے نئے مالی سال کیلئے مرکزی سرکار کی مالی تجویزوں پر عمل در آمد کیا جائے گا۔

اخراجات کے بل کے تحت نئے مالی سال کی خدمات کیلئے بھارت کے Consolidated فنڈ سے بعض رقومات کے نکالنے کے تعلق سے اخراجات اور ادائیگی کا اختیار دیا گیا ہے۔

اسی طرح جموں کشمیر سے متعلق اخراجات کے بل کے تحت مالی سال 2024-25 کی خدمات کیلئے مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں کشمیر کے Consolidated فنڈ سے بعض رقومات کے نکالنے کے تعلق سے اخراجات اور ادائیگی کا اختیار دیا گیا ہے۔

راجیہ سبھا میں اِن بلوں پر بحث کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ سرکار کووڈ کے بعد سے سرمایہ اخراجات کی مد میں لگاتار اور زیادہ رقومات خرچ کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ سال 2023-24 میں حقیقی سرمایہ اخراجات کے 15 لاکھ دو ہزار کروڑ روپئے یعنی 18 فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔

انھوں نے کہا کہ سرمایہ اخراجات کی بدولت بھارت دنیا میں تیزی کے ساتھ ترقی کرنے والی معیشت بنا ہوا ہے اور اِس سال بھی وہ سب سے تیز ترقی والی معیشت والا ملک رہے گا۔ x

## LS Waqf Bill

2024 کا وقف ترمیمی بل مزید جانچ پڑتال کیلئے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیج دیا گیا ہے۔ اقلیتوں سے متعلق امور کے وزیر کرن رجیجو نے آج لوک سبھا میں بل پیش کرنے کے بعد کہا کہ سرکار مذکورہ بل کی مزید جانچ پڑتال کیلئے تیار ہے۔ انھوں نے کہا کہ مرکزی سرکار کی نیت بالکل صاف ہے اور مذکورہ بل کے معاملے پر اس کے پاس چھپانے کیلئے کچھ نہیں ہے۔

اس سے پہلے بل پیش کرتے ہوئے وزیر موصوف نے یہ وضاحت کی کہ اِس بل کا مقصد مذہبی ادارے کے کام کاج میں دخل اندازی کرنا نہیں ہے بلکہ یہ مسلم برادری کے محروم اور غریب طبقوں کو انصاف دلانے کیلئے ہے۔

S/B 2100 Kiren Rijiju

جناب کرن رجیجو نے کہا کہ مذکورہ بل سچّر کمیٹی اور سابقہ سرکاروں کی قائم کردہ مختلف کمیٹیوں کی سفارشات کے عین مطابق ہے۔ وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ یہ بل لانے سے پہلے متعلقہ افراد اور اداروں کے ساتھ وسیع تر صلاح ومشورہ کیا گیا۔

مذکورہ بل کی دفعات کو اجاگر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ وقف بورڈ ٹرائیبونل میں ایک جوڈیشل اور ایک تکنیکی ممبر ہوگا۔

اِس سے قبل مذکورہ بل پیش کیے جانے کی مخالفت کرتے ہوئے کانگریس، ترنمول کانگریس، سماجوادی پارٹی، DMK، این سی پی (ایس پی)، بائیں بازو کی پارٹیوں اور دیگر ارکان نے اِسے آئین اور مذہب کی آزادی کے منافی قرار دیا۔ مسلمان وقف منسوخی بل 2024 بھی ایوان میں پیش کیا گیا جس کا مقصد 1923 کے مسلمان وقف ایکٹ کو منسوخ کرنا ہے۔x

## Har Ghar Tiranga

لوگوں میں حب الوطنی کے جذبے کو بڑھاوا دینے کیلئے پورے ملک میں ہرگھر ترنگا مہم کل سے 15 اگست تک چلائی جائے گی۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ثقافت اور سیاحت کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ اپنے گھروں پر ترنگا لہرائیں اور ترنگے کے ساتھ سیلفی لے کر ہر گھر ترنگا ویب سائٹ پر اِسے اَپ لوڈ کریں۔

انھوں نے کہا کہ آزادی کے امرت مہوتسو کے تحت 2022 میں ہر گھر ترنگا مہم کا آغاز کیا گیا تھا۔ جناب شیخاوت نے کہا کہ پچھلے سال 10 کروڑ سے زیادہ لوگوں نے ترنگے کے ساتھ اپنی سیلفی اَپ لوڈ کی تھی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ پورے ملک میں 200 سے زیادہ ثقافتی پروگراموں کا اہتمام کیا جائے گا۔ جناب شیخاوت نے کہا کہ ارکان پارلیمنٹ اور وزیروں کے ساتھ ترنگا بائک ریلی 13 اگست کو ہوگی۔

S/B 2100 Gajendra Singh Shekhawat

## Prez New Zeland Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج ویلنگٹن میں گورنمنٹ ہاؤس میں نیوزی لینڈ کے گورنر جنرل Dame Cindy Kiro کی جانب سے اپنے اعزاز میں دی گئی سرکاری ضیافت میں شرکت کی۔ اِس موقع پر وہاں کے وزیر اعظم Chirstopher Luxon، نیوزی لینڈ سرکار کے سرکردہ وزیر، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی بیٹی Itishree مرمو، بھارتی وفد کے ارکان اور وہاں رہنے والے بھارت نژاد افراد بھی موجود تھے۔

اِس سے پہلے آج صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ویلنگٹن میں گورنمنٹ ہاؤس میں وہاں کے وزیر اعظم، نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کی۔ اِن رہنماؤں نے کسٹمز کے شعبے میں اشتراک، روایتی ادویات اور قابل تجدید توانائی سمیت مختلف معاملات پر تبادلۂ خیال کیا۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ بھارت اور نیوزی لینڈ نے کسٹمز کے شعبے میں تعاون سے متعلق باہمی سمجھوتے پر دستخط بھی کیے ہیں۔ x

## UK Demonstrations

برطانیہ میں South Port میں چھرے بازی کے واقعے کے کچھ دن بعد دائیں بازو کے مظاہرین کی روک تھام کیلئے ہزاروں لوگ سڑکوں پر اتر آئے۔ لندن، برسٹل براٹئن، برمنگھم، Liverpool، Hastings اور Walthamstow جیسے قصبوں و شہروں میں بڑی تعداد میں لوگ سڑکوں پر نکل آئے۔ برطانوی حکومت نے ملک میں دائیں بازو کے مظاہروں پر قابو پانے اور امن و امان برقرار رکھنے کیلئے بڑے پیمانے پر پولیس فورس تعینات کی ہے۔ x

## RBI Policy

ریزور بینک آف انڈیا نے پالیسی شرح لگاتار نویں مرتبہ جوں کی توں برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پچھلے سال اپریل کے بعد سے اِس شرح میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے جبکہ اِس سے قبل لگاتار چھ مرتبہ پالیسی شرح میں اضافہ کیا گیا تھا۔ موجودہ مالی سال کیلئے تیسری دوماہی مالی پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے ریزروبینک کے گورنر شکتی کانت داس نے کہا کہ مجموعی اندرونِ ملک پیداوار GDP میں مستحکم اور لگاتار ترقی کی بدولت مالی پالیسی میں افراطِ زر پر واضح طور پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ مالی پالیسی کی وجہ سے افراطِ زر میں کوئی اضافہ نہیں ہونا چاہئے اور افراطِ زر کی شرح کو چار فیصد کے نشانے تک رکھنے کے اپنے عہد کا اظہار بھی کیا۔

انھوں نے مزید کہا کہ اِس کی مناسبت سے مالی پالیسی کمیٹی نے پالیسی Repo Rate میں کوئی تبدیلی نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ اِس کے نتیجے میں اسٹینڈنگ ڈپوزٹ Facility شرح سوا چھ فیصد اور بینک شرح پونے سات فیصد کی سطح پر برقرار ہے۔x

## Japan Earthquake

جاپان میں، آج 7 اعشاریہ ایک، شدت کے زلزلے نے ملک کے جنوب مغربی حصے کو ہلا کر رکھ دیا۔ ارضیاتی سائنس سے متعلق ایجنسی نے Miyazaki، Kochi، Oita، Kagoshima ساحلی علاقوں اور Ehime کے علاقوں کیلئے سنامی سے متعلق ایڈوائزری جاری کی ہے۔ ابھی تک کسی جانی یا بڑے مالی نقصان کی کوئی خبر نہیں ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆